Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۲۶	بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	جلد ۴۲

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳-صفر سنہ ۱۳۴۹ھ مطابق ۳۰-جون سنہ ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر خانصاحب سعادت علیخان بعہدہ کوتوالی شہر۔	۱
۲	تقرر منشی صدیق علیخانصاحب بہ اسسٹنٹ الکٹرک۔	۱و۲
۳	لقب مبارک رحمت مکان نواب صاحب مرحوم و مغفور	۲
۴	رخصت منشی [illegible] خانہ۔	″
۵	نائب منتظم [illegible]	″
۶	لقب مبارک والدہ صاحبہ [illegible] بندگان حضور پرنور دام اقبالہم	″
۷	رضا ذکی خان عبد الحمید صاحب	″
۸	ماموری سید رفیع الدین بعہدہ کیدانی مع اضافہ۔	″
۹	مستقلی منشی محمد علیخان بیگار۔	۳
۱۰	اضافہ ڈاکٹر محمد علی خانصاحب۔	″
۱۱	انتظام محمد [illegible] حصہ۔	″
۱۲	توسیع مدت مدرسہ [illegible]	″
۱۳	مدرسہ [illegible] حسن پور۔	″
۱۴	نقشہ نرخنامہ اجناس و نقشہ بارش	۴

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۳-جون سنہ ۱۹۳۰ء

منظور مناسب — حکم ہوا کہ

خانصاحب سعادت علیخان سب انسپکٹر کوتوال شہر مقرر کئے جائیں آیندہ سے دو انسپکٹر متعلقہ رہیں گے۔ حلقہ نمبر ۱ میں صاحبزادہ سید فدا علیخان بہادر۔ اور حلقہ نمبر ۲ میں شرف الدین خان (کوتوال حال) انسپکٹر حلقہ کئے جائیں۔ کاغذ بغرض اجرا احکام صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

سررشتہ دار صدر کے پاس بغرض اجرا احکام مرسل ہو۔ ۲۳-جون سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۳-جون سنہ ۱۹۳۰ء

منظور مناسب۔ — حکم ہوا کہ

منشی صدیق علیخان اسسٹنٹ الکٹرک انجینیر مقرر کئے جائیں۔ تنخواہ وہی ملیگی جو پہلے انکو ملتی تھی۔ کاغذ بغرض اجرا احکام صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب سکریٹری بہادر خدمت فرنٹ

سررشتہ دار صاحب صدر کے پاس بغرض اجراء احکام مرسل ہو۔ ۲۳ رجون ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر خدمت فرنٹ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۳ رجون ۱۹۳۰ء

ہز ہائینس میجر جنرل عالیجاہ فرزند دلپذیر دولت انگلشیہ مخلص الدولہ ناصر الملک امیر الامرا نواب سر سید محمد حامد علیخان بہادر مستعد جنگ جی سی ایس آئی جی سی آئی ای جی سی وی او ایل ایل ڈی مرحوم مغفور کا لقب مبارک (جنت مکان) قرار پایا ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔ اور ایک نقل دار الانشاء کو مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۶ رجون ۱۹۳۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت یکماہ سید امیر حیدر منصرم گاؤمیش خانہ از ۱۵ رجون سنہ حال بغرض روانگی وطن بذمہ داری نائب منصرم۔

حکم

بموجب رپورٹ منصرم گاؤمیش خانہ کی رخصت یکماہ بذمہ داری کام نائب منصرم منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۱۸ رجون ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸ رجون ۱۹۳۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مدیدہ چھ ماہ عبد العلی خان نائب منصرم فیلخانہ مشاہرہ دار [illegible] بوجہ علالت بعوض پیارے خان پسر ناصر مہرہ بدین تفصیل کہ [illegible] عوض کو اور [illegible] اصل ملازم کو۔

حکم

چھ ماہ کی مزید رخصت حسب صراحت رپورٹ منظور ہے۔ بغرض اجراء احکام کاغذ واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

بموجب صراحت حکم احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۲ رجون ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۴ رجون ۱۹۳۰ء

ماہدولت کی والدہ صاحبہ کا لقب "حضور عالیہ" قرار دیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل دار الانشاء کو مرسل ہو۔ اور درج گزٹ ہو۔ ایک نقل خزانہ کو مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۵ رجون ۱۹۳۰ء

کپتان عبد الحمید ایڈی سی کی موجودہ تنخواہ مین پچاس روپیہ ماہوار کا اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ ان سے ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ مین کام لیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۵ رجون ۱۹۳۰ء

مثبتہ عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ صدور حکم ماموری بخدمت کیدانی ڈیوڑھی قلعہ معلے سید رفیع الدین ولد سید حمید الدین کہ ابن مرحوم [illegible] ڈیوڑھی آفس مشاہرہ دار بشاہرہ

حکم ہوا کہ

بموجب رپورٹ سید رفیع الدین ڈیوڑھی آفس مشاہرہ دار ماہانہ کی ماموری ڈیوڑھی پر بشاہرہ روپیہ ماہانہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مستقلی

۱۹ر جون سنہ ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت
موروخہ ۱۸ر جون سنہ حال در بارۂ مستقلی محمد علیخان پیشکار بوجہ
ختم مدت امتحانی بتاریخ ۲۲ر مئی سنہ ۱۹۳۰ء قابل اطمینان بحضور گذشت

حکم

بموجب رپورٹ بہ اختتام مدت سے محمد علیخان پیشکار کا مستقل کیا جانا منظور ہے۔
کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

ازاجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۴ر جون سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

اضافہ

۲۶ر جون سنہ ۱۹۳۰ء

ڈاکٹر احمد علیخان اسسٹنٹ سرجن کی تنخواہ موجودہ مین پچاس روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب منیر ریوینیو سکریٹری بہادر

واقع ۲۲ر جون سنہ ۱۹۳۰ء

رپورٹ حاکم صاحب صدر مورخہ ۲۰ر مئی سنہ ۱۹۳۰ء کا مع کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوا۔ بوقت ترقی منشی بہاری پرشاد و اصلباقینویس صدر منشی جگلکشور اہلمد سررشتہ حضور تحصیل کو بمنظوری اجلاس ہمایون صدرو اصلباقینویس اتفاقاً بنایا گیا تھا جسکی مدت امتحانی آخر مئی سنہ ۱۹۳۰ء کو ختم ہوئی لیکن نامبردہ کا انتقال ۲۰ر مئی سنہ ۱۹۳۰ء کو ہوگیا۔ اور صدرو اصلباقینویسی کی جگہ کا انتظام جداگانہ بر رپورٹ ترقی منشی جگلکشور بمنظوری اجلاس ہمایون ہوگیا جسوقت منشی جگلکشور کو اہلمدی سررشتہ حضور تحصیل سے جدا کیا گیا تھا تو حسب ذیل انتظام کیا گیا تھا۔ منشی محمد نبی خان اہلمد سررشتہ تحصیل ملک شاہرہ وار بیس روپیہ باضافہ دو روپیہ اہلمدی حضور تحصیل پر تبدیل ہو اور بجائے محمد نبی خان منشی عبدالعزیز خان اہلمد اجلاس حاکم صاحب مال شاہرہ وار لعہ باضافہ عہ روپیہ تحصیل ملک کو تبدیل ہو اور بجائے عبدالعزیز خان سے بھی پرشاد امیدوار بشاہرہ لعہ قایم مقام بنایا جائے۔ اور منشی جگن لال اہلمد سررشتہ تحصیل شاہ آباد کی تنخواہ موجودہ لعہ مین ایک روپیہ اضافہ کیا جائے چونکہ منشی جگلکشور عہدہ صدرو اصلباقینویس پر مستقل نہین ہوے تھے اسوجہ سے انتظام مذکورہ غیر مستقل رہا۔ بسلسلہ ترقی منشی جگلکشور حاکم صاحب صدر نے بھی پرشاد اہلمد قایم مقام کی نسبت لکھا ہے کہ اسنے مدت امتحانی مین کام اہلمدی اچھا کیا بہت ہوشیار رہا۔ اور امتحان وکالت مین بھی کامیابی حاصل کی ہے۔ اہلمد سابق لعہ شاہرہ پاتے تھے بھی پرشاد کی تنخواہ موجودہ مین سے ۲ اضافہ کرکے اسکی تنخواہ لعہ کردی جائے تاکہ بدل نمادی کام کرے۔ اور مستقل کردیا جائے۔ لہذا انتظام سابقہ آجتک بدستور قایم رکھکر برائے آیندہ مستقل کیا جاتا ہے۔ اور کل کی تاریخ سے بھی پرشاد اہلمد کی تنخواہ میں ۲ اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب منیر ریوینیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۲ر جون سنہ ۱۹۳۰ء

حسن رضا خان مدرس دیہاتی بزرگ تحصیل بلاسپور کی ملازمت غیر مستقل میں یکم مئی سنہ ۱۹۳۰ء سے آخر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء تک توسیع کی گئی لہذا حکم ہوکہ
نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۲ر جون سنہ ۱۹۳۰ء

احمد حسن مدرس دیہاتی حسن پور تحصیل بلاسپور کی ملازمت غیر مستقل میں یکم مئی سنہ ۱۹۳۰ء سے آخر ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوکہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۵ ار ۱۰ ار	۰	۱۵ ار	۱۱ ار ۱۱ ار	۰	۰	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۸ ار ۱۵ ار	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	۰	۰	
نخود کسہ آمیز	۱۰ ار	۰	۱۳ ار	۱۱ ار	۰	۰	
کسہ	۱۱ ار	۰	۱۳ ار	۱۳ ار	۰	۰	
ماش	۱۵ ۱۵ ار	۰	۱۵ ار	۱۵ ار	۰	۰	
مونگ	۱۴ ار ۱۴ ار	۰	۰	۱۴ ار	۰	۰	
مکا	۱۷ ار ۱۸ ار	۰	۱۷ ار	۱۸ ار	۰	۰	
جئی	۱۰ ار	۰	۱۷ ار	۱۹ ار	۰	۰	
کوجئی	۰	۰	۱۳ ار	۱۴ ار	۰	۰	
عدس	۱۰ ار ۹ ار	۰	۹ ار	۹ ار	۰	۰	
ارہر	۷ ار ۱۰ ار	۰	۱۱ ار	۸ ار	۰	۰	
برنج	۱۴ ۱۵	۰	۱۵ ار	۱۵ ار	۰	۰	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۰	۲ چھٹانک	۲ چھٹانک	۰	۰	
روغن سیاہ	۲ ار	۰	۲ ار	۲ ار	۰	۰	
روغن کنجد	۲ ار	۰	۰	۲ ار	۰	۰	
نمک سانبھر	۱۰ ار	۰	۱۱ ار	۱۰ ار	۰	۰	
نمک لاہوری	۱۰ ار ۶ ار	۰	۹ ار	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۱۰ ار ۱۰ ار	۰	۰	۱۰ ار	۰	۰	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

نقشہ بارش ہفتہ وار ابتدائے ۱۵ر جون لغایتہ ۲۱ر جون ۱۹۳۱ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ		
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	
۱۵ر جون ۱۹۳۱ء یوم یکشنبہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۶ر جون ۱۹۳۱ء یوم دوشنبہ	۰	۰	۰	۰	۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۷ر جون ۱۹۳۱ء یوم سہ شنبہ	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۸ر جون ۱۹۳۱ء یوم چہار شنبہ	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۹ر جون ۱۹۳۱ء یوم پنجشنبہ	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۱	۰	۰	۰	۰	۰	
۲۰ر جون ۱۹۳۱ء یوم جمعہ	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۲۱ر جون ۱۹۳۱ء یوم شنبہ	۰	۰	۰	۰	۷	۱۰	۳		۲½		۰	۰	